سوال

(58) رسول اللہ ﷺ کی نماز جنازہ بطریقِ معروف کیوں نہیں پڑھی گئی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رسول اللہ ﷺ کی نمازِ جنازہ بطریقِ معروف کیوں نہیں پڑھی گئی؟ اس کی بجائے کیا طریق اختیار کیا گیا تھا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کائنات کے امام پر امامت کا مسئلہ مشکل امر ہے۔ غالباً اس لیے اس طریق کو اختیار کیا گیا کہ صرف گروہوں کی صورت میں حجرہ شریفہ میں درود پر اکتفا کیا گیا۔ سیرت الرسول ﷺ (ص: ۴۷۱) میں ہے:

'وَلَمْ یَؤُمَّ النَّاسَ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَحَدٌ' (سنن ابن ماجہ، بَابُ ذِکْرِ وَفَاتِہِ وَدَفْنِہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، رقم۱۶۲۸)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب الجنائز: صفحہ:121

محدث فتویٰ